مصنف کے نزدیک مسئلہ فلسطین سیاسی مسئلہ نہیں بلکہ اس کا بنیادی تعلق قبلۂ اول سے ہے اور یہ ایمان کا مسئلہ ہے۔ زیرنظر خطبے میں انھوں نے مسلمانوں اور اہلِ کتاب کی عداوت اور نصاریٰ پر یہودی عقائد کے غلبے کی وجوہ پر روشنی ڈالی ہے اور وضاحت کی ہے کہ عیسائی' بشمول ریگن و بش عقیدہ ہرمجدون (Armageddon) کے قائل ہیں۔ پوری عیسائی دنیا حضرت مسیحؑ کی آمد کی منتظر ہے جس کے بعد ان کے عقیدے اور توقعات کے مطابق' عیسائی ہزار سال تک دنیا پر حکمرانی کرتے رہیں گے۔

سفرالحوالی نے امریکا میں سرگرم بہت سی یہودنواز شخصیات اور تنظیموں' صہیونی منصوبوں اور اس پس منظر میں عالمِ اسلام کے بارے میں مغرب کے اہداف اور مذموم مقاصد کا ذکر کیا ہے' مثلاً: فلسطین میں جہاد کا خاتمہ' دعوت الی اللہ سے روکنا' عربوں کی فوجی قوت کا خاتمہ' عسکری لحاظ سے عربوں کو یہودیوں کے تابع کرنا' ابلاغ عامہ اور تعلیمی نصاب میں تبدیلی' معیشت پر یہودیوں کی پوری گرفت' خلیج کے تیل اور پانیوں پر ڈاکازنی' اخلاقی پستی اور گراوٹ کا فروغ' ارضِ حجاز کو یہودیوں کا خطہ بنانا وغیرہ۔ الحوالی نے اس صورت حال سے عہدہ برآ ہونے اور درپیش معرکے کی تیاری کے لیے تجاویز بھی دی ہیں۔

مبشرات (ناظم: محمد صہیب قرنی) نے اپنی پہلی کتاب' اہتمام سے شائع کی ہے۔(ر-ہ)

تعارف کتب

☆ تشریح الآیات، توفیق احمد ناصر صدیقی۔ ناشر: تحریک حی علی الفلاح' اے-۱۰' سپرا پارٹمنٹ' بلاک ۷' فیڈرل بی ایریا' کراچی۔ صفحات: ۳۸۶۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔[تفہیم القرآن' تفسیر عثمانی اور احمد رضا بریلوی کی کنزالایمان سے تیسویں پارے کے ترجمے اور تشریحات کا تقابلی مطالعہ۔]

☆ نگارشات ڈاکٹر محمد حمیداللہ، مرتب: محمد عالم مختار حق۔ ناشر: بیکن بکس' قذافی مارکیٹ لاہور' صفحات: ۷۹۶۔ قیمت: ۴۱۰ روپے۔[قرآن' سیرت' فقہ' اکابرین' تاریخ' قانون' خطۂ عرب' مستشرقین' ادب' سود کے عنوانات کے تحت تقریباً پچاس مقالات و مضامین اور ۷ امکاتیب کا مجموعہ۔]